بمپر فرائیڈے کو شائقین کرکٹ کا انتظار

- پاکستان اور بنگلہ دیش کی سینئر اور جونیئر ٹیمیں جمعہ کے روز بالترتیب لاہور اور پوچیف اسٹروم میں مدمقابل آئیں گی
- آئی سی سی نان براڈکاسٹ میچز کی جھلکیاں آن لائن میڈیا زون پر اپلوڈ کرے گا
- ایونٹ کی تصویری جھلکیاں بھی آن لائن میڈیا زون پر دستیاب ہوں گی

پوچیف اسٹروم، 23 جنوری 2020ء:

آئی سی سی انڈر 19 کرکٹ ورلڈکپ 2020 میں گروپ سی کے اہم میچ میں پاکستان اور بنگلہ دیش کی ٹیمیں 24 جنوری بروز جمعہ کو پوچیف اسٹروف میں مدمقابل آئیں گی۔ میچ کی فاتح ایونٹ میں ٹاپ پوزیشن حاصل کرنے کے باعث 30 جنوری کو اسی میدان میں سپر لیگ کوارٹر فائنل میچ کھیلے گی۔

میچ کی فاتح ٹیم سپر لیگ کوارٹر فائنل میچ میں گروپ ڈی کی دوسری ٹاپ پوزیشن ٹیم سے مقابلہ کرے گی۔ افغانستان، جنوبی افریقہ اور متحدہ عرب امارات میں سے کوئی ٹیم گروپ ڈی میں دوسری پوزیشن حاصل کرے گی۔

24 جنوری کو پاکستان اور بنگلہ دیش کی انڈر 19 ٹیموں کے درمیان میچ کی شکست خوردہ ٹیم کو 31 جنوری کو بینونی میں گروپ ڈی کی ٹاپ ٹیم سے مقابلہ کرنا ہوگا۔

یہاں یہ بات قابل ذکر ہے کہ جس روز پوچیف اسٹروم میں قومی انڈر 19 کرکٹ ٹیم بنگلہ دیش کی انڈر 19 ٹیم کے مدمقابل ہوگی تو اسی روز پاکستان سینئر کرکٹ ٹیم پوچیف اسٹروم سے 14 ہزار کلومیٹر دور بنگلہ دیش کی سینئر ٹیم سے قذافی اسٹیڈیم لاہور میں میچ کھیلے گی۔ ایک ہی روز دو ممالک کی سینئر اور جونیئر ٹیموں کے درمیان مختلف وینیوز پر میچوں کے باعث مداحوں کو بہترین کرکٹ دیکھنے کو ملے گی۔

جمعہ کے روز بنگلہ دیش کے خلاف میدان میں اترنے والی قومی انڈر 19 کرکٹ ٹیم اب تک ایونٹ میں اپنے دونوں گروپ میچز جیت چکی ہے۔ پہلے میچ میں اسکاٹ لینڈ کو 7 وکٹوں سے شکست دینے والی قومی انڈر 19 کرکٹ ٹیم نے دوسرے میچ میں زمباوے کو بدھ کے روز 38 رنز سے شکست دی تھی۔ پاکستان انڈر 19 ٹیم کے مڈل آرڈر بیٹسمین محمد حارث نے 81 رنز کی جارحانہ اننگز کھیل کر مین آف دی میچ کا ایوارڈ حاصل کیا۔

میچ میں نوجوان کرکٹر قاسم اکرم کی آلراؤنڈ کارکردگی نے قومی انڈر 19 کرکٹ ٹیم کی فتح میں اہم کردار ادا کیا تھا۔ قاسم اکرم نے میچ میں 54 رنز اسکور کرنے کے ساتھ 2 اہم وکٹیں بھی حاصل کی تھیں۔

قاسم اکرم:

جنوبی افریقہ میں جاری آئی سی سی انڈر 19 کرکٹ ورلڈکپ 2020 میں شریک قومی انڈر 19 کرکٹ ٹیم کے آلراؤنڈر قاسم اکرم نے بنگلہ دیش مینز کرکٹ ٹیم کی پاکستان آمد پر خوشی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ان کے دوست اور اہلخانہ سیریز میں شامل تینوں میچز دیکھنے قذافی اسٹیڈیم لاہور جارہے ہیں۔ انہوں نے مداحوں سے بھی درخواست کی کہ وہ بابر اعظم کی قیادت میں میدان میں اترنے والی ٹیم کی اسپورٹ کے لیے اسٹیڈیم کا رخ کریں۔

نوجوان کرکٹر کا کہنا ہے کہ قومی انڈر 19 ٹیم جمعہ کے روز بنگلہ دیش انڈر 19 کرکٹ ٹیم کے خلاف اہم میچ کھیلے گی، انہیں امید ہے کہ قومی انڈر 19 ٹیم اس اہم میچ میں عمدہ کارکردگی کا تسلسل برقرار رکھے گی۔

قاسم اکرم نے کہا کہ قومی انڈر 19 ٹیم نے ایونٹ میں شرکت سے قبل نیشنل کرکٹ اکیڈمی لاہور میں بھرپور ٹریننگ کی تھی جس کے مثبت نتائج سامنے آرہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ زمباوے کے خلاف میچ میں جب وہ میدان میں اترے تو قومی انڈر 19 ٹیم مشکلات کا شکار تھی مگر انہوں نے دباؤ لیے بغیر میچ میں مثبت حکمت عملی اپناتے ہوئے عمدہ بیٹنگ اور نپی تل باؤلنگ کی۔

اسکواڈ(یکم ستمبر 2000 یا اس کے بعد پیدا ہونے والے کھلاڑیوں کا انتخاب کیا جاسکتا تھا):

اوپنرز: عبدالواحد بنگلزئی (کوئٹہ)، حیدر علی (راولپنڈی) اور محمد شہزاد (ملتان)۔

مڈل آرڈرز: محمد حارث (پشاور)، محمد حریرہ (سیالکوٹ) اور محمد عرفان خان (لاہور)۔

وکٹ کیپر: روحیل نذیر (کپتان)۔

آلراؤنڈرز: عباس آفریدی (پشاور)، فہد منیر (لاہور)، قاسم اکرم (فیصل آباد)۔

اسپنرز: عامر علی (لاڑکانہ) اور آرش علی خان (کراچی)۔

فاسٹ باؤلرز: عامر خان (پشاور)، نسیم شاہ (لاہور) اور طاہر حسین (ملتان)۔

ٹیم منیجمنٹ:

اعجاز احمد (ہیڈ کوچ کم منیجر)، راؤ افتخار انجم (باؤلنگ کوچ)، عبدالمجید (اسسٹنٹ کوچ)، حافظ نعیم الرسول (فزیو

تھراپسٹ)، صبور احمد (ٹرینر)، عثمان ہاشمی (اینالسٹ)، عماد حمید (میڈیا منیجر) اور کرنل (ر) عثمان رفعت انصاری (سیکورٹی منیجر)۔

شیڈول:

24 جنوری 2020: پاکستان بمقابلہ بنگلہ دیش

9 فروری 2020: فائنل

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk